# پناہ گزین کے دعویداروں کے لیے معلومات

## ۱. عام معلومات:

حکومت کینیڈا کے محکمے جو مہاجرین کے دعووں سے نمٹتے ہیں وہ ہیں:

- **امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (آئی آر سی سی) (Immigration, Refugees and Citizenship Canada) (IRCC) (www.canada.ca/en/services/immigration-citizenship.html):**
آئی آر سی سی (IRCC) اس بات کا تعین کرتی ہے کہ آیا کینیڈا کے اندر کیا گیا پناہ گزین کا دعویٰ امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا (آئی آر بی) (Immigration and Refugee Board of Canada) (IRB))کے ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن (آر پی ڈی) (Refugee Protection Division (RPD)کے پاس بھیجے جانے کے لیے اہل ہے یا نہیں۔

- **کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی (سی بی ایس اے)(Canada Border Services Agency) (CBSA) (www.cbsa-asfc.gc.ca):** سی بی ایس اے اس بات کا تعین کرتا ہے کہ آیا کینیڈا میں داخل ہونے کے مقام پر (یعنی ہوائی اڈے، زمینی سرحد کراسنگ یا سمندری بندرگاہ )، یا اندرون ملک نافذ کرنے والے دفتر(انلینڈ انفورسمنٹ آفس) میں پناہ گزین کا دعوی ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن (Refugee Protection Division)کے حوالے کیئے جانے کا اہل ہے یا نہیں۔

- **امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈ(آئی آر بی) (Immigration and Refugee Board of Canada (IRB): (www.irb-cisr.gc.ca)**
آئی آر بی (IRB) ایک آزاد ادارہ ہے جو امیگریشن اور مہاجرین کے فیصلے کرنے کا ذمہ دار ہے۔

## ۲. وکیل کی خدمات کا حق

ایک پناہ گزین کے دعویدار کے طور پر، آپ کو پناہ گزین کے دعوے کے عمل کے دوران اپنے خرچ پر وکیل (وکیل یا دیگر پیشہ ور نمائندے) کے ذریعے نمائندگی کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ وکیل کی ادائیگی کے متحمل نہیں ہیں، تو آپ امداد کے لیے صوبائی یا علاقائی قانونی امداد کے دفتر میں درخواست دے سکتے ہیں۔

کینیڈا کی حکومت سب کے ساتھ یکساں سلوک کرتی ہے، چاہے وہ وکیل کی خدمات استعمال کریں یا نہ کریں۔ اگر آپ کسی وکیل کی خدمات حاصل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو **قطعی طور پرایسی بات نہیں ہے** کہ آپ کی درخواست پر کوئی خصوصی توجہ دی جائے گی۔

نمائندے کی خدمات حاصل کرنے سے متعلق معلومات:
www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/immigration-citizenship- representative.html

**نوٹ کریں:** مقامی ٹیلی فون ڈائریکٹری چیک کریں یا صوبائی اور علاقائی قانونی امداد کی خدمات کے ویب صفحات سے مشورہ کرنے کے لیے اس لنک کا استعمال کریں:
www.justice.gc.ca/eng/fund-fina/gov-gouv/aid-aide.html

## ۳. اپنا پناہ گزین کا دعوی پیش کرنا سی بی ایس اے

### CBSA

جب آپ داخلے کے مقام پر پہنچیں تو شخصی طور پر کسی سی بی ایس اے (CBSA) افسر کے پاس جا کر پناہ گزینوں کے تحفظ کا دعویٰ کر سکتے ہیں

اگر کوئی آفیسر فوری طور پر یہ فیصلہ نہیں کر پاتا ہے کہ آیا آپ کا دعویٰ پناہ گزینوں کے تحفظ کے ڈویژن کو بھیجے جانے کا اہل ہے، تو وہ آپ کو **دعوے کے اعتراف(Acknowledgement of Claim )** کی دستاویز جاری کریں گے۔ یہ ایک عارضی دستاویز ہے جو کہ

- تصدیق کرتا ہے کہ آپ نے پناہ گزین کا دعوی کیا ہے
- ظاہر کرتا ہے کہ آپ عبوری وفاقی صحت پروگرام (Interim Federal Health Program) کے تحت شامل ہیں اور
- اگر آپ سماجی خدمات کے لیے درخواست دیتے ہیں تو یہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

**اگرآپ CBSA پر دعویٰ کرتے ہیں اور وہ آپ کو اپنا دعویٰ آن لائن مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہیں** تو، آپ IRCC پورٹل استعمال کریں گے، جو ہے: portal-portail.apps.cic.gc.ca/signin?lang=en

اپنا دعوی آن لائن مکمل کرنے میں مدد کے
www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/application/application-forms-guides/guide-0192-cbsa- refugee-claims-ircc-portal.html
پر رجوع کریں۔ آپ کو دعوے کی بنیاد کا فارم (Basis of Claim form) بھی مکمل کرنا ہوگا۔ آپ کو ہدایت دی جا سکتی ہے کہ یہ فارم ڈاک کے ذریعےIRB کوبھیجیں، یا اسے آئی آر سی سی (IRCC) کی پورٹل پر اپ لوڈ کریں (مزید معلومات کے لیے سیکشن ۱۱ دیکھیں)۔ سی بی ایس اے (CBSA) آپ کو اگلے کسی بھی اضافی اقدامات کے بارے میں بھی مطلع کرے گا۔

### آئی آر سی سی(IRCC)

اگر آپ پہلے ہی کینیڈا کے اندر ہیں تو، آئی آر سی سی (IRCC) کے آن لائن پورٹل کے ذریعے ریفیوجی پروٹیکشن کا دعوی کر سکتے ہیں۔ اپنے دعوے کو آن لائن مکمل کرنے میں مدد کے لیے انلینڈ ایپلیکیشن گائڈ (Inland Application Guide)
www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/ application/application-forms-guides/guide-0174-inland-refugee- claims-portal.html
پر رجوع کریں ۔ جب آپ اپنا دعوی آن لائن جمع کر دیتے ہیں تو:

- آپ کو اکنالیجمنٹ آف کلیم (Acknowledgement of Claim) کے کاغذات دیے جائیں گے۔
- آر سی سی(IRCC) آپ سے آپ کے بائومیٹریکس(biometrics) (انگلیوں کے چھاپ اور تصویر) جمع لینے کی ایک اپائنٹمنٹ تعین کرنے کے لیے رابطہ کرے گی۔ آپ کو ایک انٹرویو کا سامنا بھی کرنا ہوگا، جو کہ ممکناً کسی بعد کی تاریخ پر ہو گا۔

## ۴. عبوری وفاقی صحت پروگرام

عبوری وفاقی صحت پروگرام (IFHP) کے تحت، حکومت کینیڈا مخصوص صحت کی دیکھ بھال کی خدمات یا مصنوعات کی قیمت کو پورا کرتی ہے۔ آپ کے دعوے کا اعتراف (Acknowledgement of Claim)) یا پناہ گزینوں کے تحفظ کے دعوے کی دستاویز (Refugee Protection Claimant Document)) (سیکشن ۹ دیکھیں) ظاہر کرتا ہے کہ آیا آپ آئی ایف ایچ پی (IFHP) کے احاطہ (کوریج) کے اہل ہیں یا نہیں۔

تمام اہل دعویداروں کو کینیڈا میں کہیں بھی، کسی بھی ایسے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے، جوکہ آئی ایف ایچ پی (IFHP) کے ساتھ رجسٹرڈ ہے، صحت کی دیکھ بھال کی خدمات اور مصنوعات تک رسائی حاصل ہے ۔ رجسٹرڈ فراہم کنندوں کی ایک فہرست آن لائن ifhp.medaviebc.ca پر دستیاب ہے۔

اس سے پہلے کہ آپ ان سے کوئی خدمات حاصل کریں آپ کو اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ صحت کی دیکھ بھال کرنے والا آئی ایف ایچ پی (IFHP) کے ساتھ رجسٹرڈ ہے ۔ ہر دورے پر ایک جائز دعویٰ کا اعتراف(Acknowledgement of Claim) یا پناہ گزینوں کے تحفظ کے دعوے کی دستاویزہر(Refugee Protection Claimant Document) آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کو پیش کرنا ضروری ہے۔

آئی ایف ایچ پی (IFHP) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، بشمول کون سی مصنوعات اور خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے، ملاحظہ کریں ifhp.medaviebc.ca یا www.ifhp-pfsi.ca

## ۵. امیگریشن سے متعلق طبی معائنہ

پناہ گزین کے دعویدار کی حیثیت سے، آپ **کو۳۰ دن کے اندر لازمی طبی معائنہ** کرنا ہوگا۔ اس کی ادائیگی آئی ایف ایچ پی (IFHP) کرتی ہے۔

چند مخصوص ڈاکٹر ہی یہ طبی معائنہ کر سکتے ہیں۔ ہدایات اورجو ڈاکٹر آئی آر سی سی (IRCC) کی جانب سے ہر صوبے یا علاقے میں معائنہ کرتے ہیں،ان ڈاکٹروں کی فہرست کا ایک لنک آئی ایم ایم ۱۰۱۷میڈیکل رپورٹ (IMM1017 Medical Report) کا فارم پر فراہم کیا گیا ہے۔

برائے مہربانی طبی معائنے کی ملاقات کے لیے فہرست میں سے کسی ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ آپ کو ملاقات (اپوائنٹمنٹ) کے لیے درج ذیل دستاویزات لانا ہوں گی۔

- IMM ۱۰۱۷ میڈیکل رپورٹ (IMM1017 Medical Report) کا فارم اور
- آپ کے دعویٰ کا اعتراف(Acknowledgement of Claim) یا پناہ گزینوں کے تحفظ کے دعوے کی دستاویز(Refugee Protection Claimant Document)

براہ کرم اپنے ڈاکٹر کو اپنا موجودہ پتہ فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔

## ۶. ورک پرمٹ اور سوشل انشورنس نمبر

کینیڈا میں قانونی طور پر کام کرنے کے لیے آپ کے پاس ورک پرمٹ (**work permit**) اور سوشل انشورنس نمبر (**Social Insurance Number**) ہونا ضروری ہے۔

آپ کسی بھی آجر کے پاس کام کرنے کے لیے اپنی آن لائن پناہ گزین کلیم کی درخواست میں آئی آر سی سی پورٹل(IRCC portal) کے ذریعے بغیر فیس والے ورک پرمٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کے درست/ جائزرہنے کی معیاد ورک پرمٹ پردرج ہو گی۔

آئی آر سی سی(IRCC) کے ورک پرمٹ جاری کرنے سے پہلے درج ذیل مراحل کا ہونا ضروری ہے:

- آپ کے دعوے کی اہلیت کے بارے میں فیصلہ کیا جانا چاہیے
- آپ کا امیگریشن سے متعلق طبی معائنہ مکمل اور پاس ہونا چاہیے اور
- بایومیٹرکس (فنگر پرنٹس اور تصاویر) لینا ضروری ہے (سیکشن ۸ دیکھیں)

"IME" نمبر ، یا ای میڈیکل (eMedical) انفارمیشن شیٹ کی ایک کاپی (اس کی درخواست معائنہ کرنے والے ڈاکٹر سے کی جا سکتی ہے (سیکشن ۴ دیکھیں) اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ نے اپنا امیگریشن سے متعلق طبی معائنہ مکمل کیا ہے۔

اگر آپ پناہ گزین کے دعوے کے انٹیک (ریفیوجی کلیم انٹیک) کے دوران ورک پرمٹ کے لیے درخواست نہیں دیتے ہیں تو، آپ بعد میں www.canada.ca/en/services/immigration-citizenship.html. پراس کے لیے درخواست جمع کرسکتے ہیں۔.

**نوٹ کریں:** ورک پرمٹ جاری ہونے کے بعد، یہ آپ کو ڈاک کے ذریعے بھیج دیا جائے گا۔ یہ بہت ضروری ہے کہ پتوں کو اپ ٹو ڈیٹ رکھا جائے۔ پتہ تبدیل کرنے کے لیے، براہ کرم آئی آر سی سی ویب فارم(: IRCC Webform)
secure.cic.gc.ca/enquiries-renseignements/canada-case-cas-eng.aspx - سے رجوع کریں
اور "رابطہ کی معلومات مای تبدیلی" ("Change of Contact Information") کو منتخب کریں۔
جب آپ کو اپنا ورک پرمٹ مل جائے تو، آپ کو **سوشل انشورنس نمبر** (Social Insurance Number) کے لیےضرور درخواست دینی چاہیے۔ آپ SIN کے لیے اپنی درخواست کے حصے کے طور پر اپنے دعوے کے اعترافی (Acknowledgement of Claim) دستاویز کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ یہ آن لائن، بذریعہ ڈاک یا سروس کینیڈا سنٹر (Service Canada Centre) میں شخصی طور(ان پرسن) موجود ہو کر پر کر سکتے ہیں۔ درخواست کے عمل سے متعلق معلومات

www.canada.ca/en/employment-social-development/services/sin.html

پر مل سکتی ہیں۔ مقامی سروس کینیڈا سینٹر (Service Canada Centre)تلاش کرنے کے لیے،۱ ۸۰۰ O-Canada (1-800-622-6232) پر کال کریں۔

## ۷. تعلیمی پرمٹس (اسٹڈی پرمٹس)

۱۸سال سے کم عمر کا کوئی بھی شخص جس نے پناہ گزین کا دعویٰ کیا ہے، یا جو پناہ گزین کے دعویدارپر انحصار کرنے والا بچہ ہے، وہ پری سکول، پرائمری یا سیکنڈری سطح (گریڈ ۱۲ تک) **اسٹڈی پرمٹ کے بغیر** پڑھ سکتا ہے۔ بچے کے دعوے کے اعتراف (**Acknowledgement of Claim**) یا پناہ گزینوں کے تحفظ کے دعوے کی دستاویز(**Refugee Protection Claimant Document**) اسکول رجسٹریشن کے لیے درکار ہے۔

کینیڈا میں قانونی طور پر تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسٹڈی پرمٹ ان تمام دعویداروں کے لیے ضروری ہے جو پوسٹ سیکنڈری سطح (کالج یا یونیورسٹی) میں تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، اور اس سے پہلے کہ اسٹڈی پرمٹ جاری کی جائے، امیگریشن کا طبی معائنہ مکمل کرنا اوراس میں پاس ہونا ضروری ہے۔

اسٹڈی پرمٹ کے لیے درخواست www.canada.ca/ en/services/immigration-citizenship.html پر دستیاب ہے۔ پناہ گزین کے دعویداروں کے لیے اسٹڈی پرمٹ کی درخواست جمع کرانے کے لئے کوئی فیس ادا نہیں کرنی پڑتی ہے۔

اسٹڈی پرمٹ کی درخواست کے لیے درج ذیل دستاویزات درکار ہیں:

- **دعوے کے اعتراف(Acknowledgement of Claim)** یا پناہ گزینوں کے **تحفظ کے دعوے کی دستاویز (Refugee Protection Claimant Document)** کی ایک کاپی (سیکشن ۹ دیکھیں)
- نامزد تعلیمی ادارے سے قبولیت کا ثبوت(Designated Learning Institution)

صوبہ کیوبیک میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے،
(Ministère de l'Immigration, de la Francisation et de l'Intégration (MIFI))

کی طرف سے جاری کردہ ایک سرٹیفکیٹ (CAQ) (Certificat d'acceptation du Québec) لازمی ہے۔ سی اے کیو (CAQ)حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.quebec.ca/en/education/study-quebec

## ۸. بایومیٹرکس (فنگر پرنٹس اور تصاویر)

اگر آپ داخلے کے مقام (پورٹ آف اینٹری) پر اپنا دعویٰ کرتے ہیں تو، سی بی ایس اے (CBSA) کا ایک افسر آپ کا بائیو میٹرکس لے گا اور شناخت کا ثبوت اور دیگر متعلقہ دستاویزات جمع کرے گا۔ آپ یا تو:

- وہاں اہلیت کا انٹرویو مکمل کریں گے، یا
- ہو سکتا ہے کہ افسر آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے کی اجازت دے اور مزید جانچ کے لیے آئی آر سی سی (IRCC) یا سی بی ایس اے (CBSA) کے دفتر واپس آنے کی تاریخ اور وقت مقرر کرے۔ اگر کسی سی بی ایس اے (CBSA) افسر کی طرف سے ہدایت کی گئی ہو، تو آپ اپنے انٹرویو کی تاریخ سے پہلےآئی آر سی سی (IRCC)پورٹل کے ذریعے آن لائن پناہ گزین کا دعویٰ جمع کرا سکتے ہیں۔

اگر آپ پہلے ہی کینیڈا میں ہیں اور آپ آئی آر سی سی پورٹل کے ذریعے پناہ گزین کا دعوی آن لائن جمع کراتے ہیں تو آپ سے پوچھا جائے گا کہ

- بایومیٹرکس جمع کرنے کے لیے آئی آر سی سی (IRCC) کے دفتر کو رپورٹ کریں
- اپنی شناخت کا ثبوت اور دیگر تمام متعلقہ دستاویزات جمع کرایں،
- بعد کی تاریخ میں طے شدہ انٹرویو کے لیے واپس آئیں، اور
- ۱۴سال سے کم عمرکے بچوں کے لیے دو پاسپورٹ سائز کی تصاویر اپنے بائیو میٹرکس کی اپوائنٹمنٹ پر لائیں (۱۴ سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے اور عمر رسیدہ لوگوں کے لیے تصاویر کی اب ضرورت نہیں ہے)

## ۹. داخلے کی جگہ (پورٹ آف اینٹری) یا انلینڈ انٹرویو (Inland interview) پر جانچ کاعمل

آپ کے انٹرویو میں، ایک افسر مندرجہ ذیل کرے گا:

- اگر آپ کا دعوی اہل ہے تو، آپ کے دعوی کو آئی آر بی (IRB) پر موجود ریفیوجی پروٹیکشن ڈیویژن آر پی ڈی (Refugee Protection Division (RPD)) کے حوالے کرے گا۔
- اگر آپ کا دعویٰ اہل ہے تو، آپ کو پناہ گزینوں کے تحفظ کے دعویدار دستاویز (RPCD) (نیچے ملاحظہ کریں) جاری کرے گا:
- نکالے جانے کا حکم جاری کرے گا:
  - ↵ اگر آپ کا دعوی آئی آر بی (IRB) کے حوالے کرنے کا اہل ہے تو، جب تک آئی آر بی (IRB) کی طرف سے کوئی فیصلہ نہیں کیا جاتا، نکالے جانے کا حکم مشروط ہوگا (یعنی نافذ نہیں ہوگا)۔ ۔
  - ↵ اگر آپ کا دعوی اہل نہیں ہے ، تو نکالے جانے کا حکم نافذ ہوگا
  - ↵ نکالے جانے کے احکامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سیکشن ۱۲ دیکھیں
- اگر آپ کا دعوی اہل ہو تو، آپ کو آئی آر بی (IRB) کے عمل کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا

اگر آپ کا دعوی اہل پایا جاتا ہے اور اسے IRB کو بھیجا جاتا ہے، آپ کو IRBکے پناہ گزینوں کے تحفظ کے ڈویژن(Refugee Protection Division) میں اپنی سماعت میں شرکت کرنی چاہیے۔ IRB بعد کی تاریخ میں آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ آپ کو آپ کی سماعت کی تاریخ اور مقام سے آگاہ کیا جا سکے

- اگر آپ کا دعویٰ نا اہل پایا جاتا ہے، یا IRB میں منفی فیصلہ کیا جاتا ہے، تو آپ کو اگلے اقدامات کے بارے میں مطلع کیا جائے گا اور آپ تب تک عبوری فیڈرل ہیلتھ پروگرام (Interim Federal Health Program) اور صوبائی خدمات کے حقدار ہو سکتے ہیں جب تک کہ آپ کو کینیڈا سے ہٹا نہیں دیا جاتا۔

RPCD کینیڈا میں پناہ گزین کے دعویدار کے طور پر آپ کی بنیادی شناختی دستاویز کے طور پر دعوے کے اعتراف (Acknowledgement of Claim) کی جگہ لے لیتا ہے۔

- RPCD ظاہر کرتا ہے کہ آپ کا دعویٰ IRB کو بھیجا گیا ہے
- آپ کو خدمات تک رسائی میں مدد مل سکتی ہے اور
- ظاہر کرتا ہے کہ آپ عبوری فیڈرل ہیلتھ پروگرام (Interim Federal Health Program) کے تحت آتے ہیں۔

## ۱۰. رابطہ کی معلومات

**تمام دعویداروں کو آئی آر سی سی (IRCC)کو پتہ یا رابطہ کی معلومات میں کسی بھی تبدیلی سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔** تمام اپ ڈیٹس کو"رابطہ کی معلومات میں تبدیلی" ("Change of Contact Information") کو منتخب کر کے secure.cic.gc.ca/enquiries-renseignements/canada-case-cas-eng.aspx آن لائن مکمل کیا جا سکتا ہے۔

**نوٹ کریں:** ایک بار جب آپ کا دعویٰ IRB کو بھیج دیا جائے تو آپ کو بھی کرنا چاہیے۔ رابطے کی معلومات میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں IRB کو مشورہ دیں۔ پر ہدایات ایسا کرنے کا طریقہ IRB کے دعویدار کی گائیڈ میں شامل ہے: www.irb-cisr.gc.ca/Eng/RefClaDem/Pages/ClaDemGuide.aspx

## ۱۱. امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ کلیمنٹ کٹ (Immigration and Refugee Board Claimant Kit)

تمام اہل دعویداروں کو آئی آر بی کلیمنٹ کٹ (IRB Claimant Kit) کی طرف ہدایت دی جاتی ہے۔ کٹ میں اہم معلومات شامل ہیں کہ IRB میں سماعت کی تیاری کیسے کی جائے۔

اس کٹ میں درج ذیل شامل ہیں:

**دعوے کی بنیاد کا فارم (Basis of Claim form)**

یہ دستاویز تمام دعویداروں کے لیے لازمی ہے۔ ہر فرد کے پاس اپنا انفرادی دعوے کی بنیاد کا فارم ہونا چاہیئے۔

اگر آپ داخلے کی بندرگاہ پر پناہ گزین کا دعویٰ کرتے ہیں، تو آپ کو IRB کی طرف سے جاری کردہ موجودہ عمل کے نوٹس کے مطابق مشروط، 15 دنوں کے اندر دعوے کی بنیاد کا فارم مکمل (Basis of Claim form) کرنا اور اسے IRB کو جمع کرنا ہوگا۔ اگر آپ اپنا مکمل شدہ کلیم فارم (BOC فارم ) وقت پر فراہم نہیں کرتے ہیں، تو پناہ گزینوں کے تحفظ کا ڈویژن (RPD) آپ کے دعوے کو ترک کرنے کا اعلان کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنا دعویٰ آئی آر سی سی پورٹل (IRCC portal) کے ذریعے آن لائن جمع کرتے ہیں تو، دعوے کی بنیاد کا فارم (Basis of Claim form) ایک معاون دستاویز کے طور پر اپ لوڈ کرنا ہوگا۔

**نوٹ کریں:** اس بات کو یقینی بنانا دعویدار کی ذمہ داری ہے کہ ان کا وکیل وقت پر آئی آر بی (IRB) کو دعوے کی بنیاد کا فارم (Basis of Claim form) جمع کرائے۔

**دعویدار کی رہنمائ (Claimant's Guide)**

دعویدار کی رہنمائ (کلیمنٹس گائیڈ) آئی آر بی (IRB) کے ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن (Refugee Protection Division)) کے عمل کی وضاحت کرتا ہے اور www.irb-cisr.gc.ca/Eng/RefClaDem/Pages/ClaDemGuide.aspx / پر پایا جا سکتا ہے

**آپ کے پیش ہونے کے نوٹس (Notice to Appear) کے بارے میں اہم ہدایات**

ان ہدایات میں سماعت کے لیے پیش ہونے کے نوٹس کے حوالے سے اہم معلومات اور پناہ گزینوں کے دعوے کے عمل سے متعلق اضافی معلومات شامل ہیں۔

**صوبائی اور علاقائی قانونی امداد کی رابطہ کی معلومات**

اگر آپ قانونی وکیل کی ادائیگی نہیں کر سکتے تو آپ قانونی امداد کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**وکیل سے رابطہ کی معلومات کا فارم (Counsel Contact Information form) (IRB/CISR 101.02) :**

اگر ایک دعویدار نے مشیر (وکیل یا کنسلٹنٹ جو کہ مناسب ریگولیٹری باڈی کا صحیح طور پر فعل ممبر ہے) کو برقرار رکھا ہوا ہے، تو کونسل سے رابطہ کی معلومات کا فارم (Counsel Contact Information form) وکیل کے ذریعے مکمل کرنا اور IRB کو جمع کرایا جانا چاہیے: irb-cisr.gc.ca/en/forms/Documents/IrbCisr10102_e.pdf

اگر کونسل فیس صوبائی یا علاقائی قانونی امداد کی خدمت کے ذریعہ ادا کی جاتی ہے تو، یہی لاگو ہوتا ہے۔

ہر بار جب کوئی دعویداراپنا وکیل تبدیل کرتا ہے تو ایک نیا وکیل سے رابطہ کی معلومات کا فارم (Counsel Contact Information form) پُر کرنا اور (IRB) کو جمع کرانا چاہیے۔

**فیس کے بغیر نمائندگی کے نوٹس کا فارم یا دیگر غور طلب فارم (IRB/CISR 101.03:**

اگر آپ کے وکیل کو ادائیگی نہیں کی جا رہی ہے تو انہیں بغیر کسی فیس کے نمائندگی کا نوٹس فارم (Notice of Representation without a Fee form) مکمل کرنا ہوگا irb.gc.ca/en/forms/Documents/IrbCisr10103_e.pdf اور اسے (IRB)آئی ربی کو جمع کرانا ہوگا۔

اگر آپ وکیل کو برقرار رکھتے ہیں، لیکن آئی آر بی (IRB) کو **IRB/CISR 101.02** یا **IRB/CISR 101.03** فارم نہیں ملتا، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کے وکیل کو آئی آر بی (IRB) کے سامنے آپ کی جانب سے کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے۔

## ۱۲. نکالے جانے کے احکامات

عام طور پر، زیادہ تر پناہ گزینوں کے دعویداروں کو ان کی اہلیت کے فیصلے کے وقت نکالے جانے کا حکم جاری کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے خلاف نکالے جانے کا حکم جاری کیا جاتا ہے تو آپ کو اس کی ایک کاپی دی جائے گی۔

اگر آپ ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن کے پاس بھیجے جانے کے اہل سمجھے جاتے ہیں تو آپ اپنے دعوے پر فیصلہ آنے تک کینیڈا میں رہ سکتے ہیں۔ اگر آپ کا دعوی ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن قبول کر لیتا ہے تو، آپ کو نکالے جانے کا حکم نفاذ العمل نہیں ہوگا اور آپ مستقل رہائش کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ نااہل پائے جاتے ہیں،یا آپ کے دعوے کو ترک کرنے یا واپس لینے کا فیصلہ کیا جاتا ہے، یا ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن آپ کے دعوے پر منفی فیصلہ نافذ کرتا ہے تو ، آپ کے نکالے جانے کا حکم نافذ العمل ہو جائے گا۔

اگر آپ کو روانگی کا حکم جاری کیا گیا تھا، تو آپ کو آگاہ کیا جائے گا کہ روانگی کا حکم نافذ ہوا ہے اور آپ کو لازمی طور پر اس کے ۳۰ دن کے اندر کینیڈا چھوڑکر جانا ہوگا۔ کینیڈا چھوڑنے سے پہلے، آپ کو اپنی روانگی کے منصوبے کے بارے میں، سی بی ایس اے(CBSA) کے دفتر کو مطلع کرنا چاہیے تاکہ وہ آپ کی روانگی کی تصدیق کے انتظامات کر سکیں۔ اگر آپ ۳۰ دن کے اندر کینیڈا نہیں چھوڑتے، یا اگر آپ اپنی روانگی کی تصدیق کے لیے سی بی ایس اے (CBSA) کے ساتھ انتظامات نہیں کرتے ہیں تو، روانگی کا حکم خود بخود **ملک بدری کا حکم** بن جائے گا۔

---

امیگریشن، پناہ یزین اور شہریت کینیڈا (IRCC) کی اشاعتوں کے بارے میں معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: .www.canada.ca/ircc-publications

درخواست کرنے پر متبادل فارمیٹس میں دستیاب ہے۔

.Also available in English under the title: Information Pamphlet for Refugee Claimants

ہمیں آن لائن ملاحظہ کریں
ویب سائٹ: irccc.canada.ca
فیس بک: www.facebook.com/CitCanada
یوٹیوب: www.YouTube.com/CitImmCanada
ٹویٹر: @CitImmCanada

© منسٹر آف سٹیزنشپ اینڈ امیگریشن ، کی نمائندگی میں ہز میجسٹی دا کنگ ان رائٹ آف کینیڈا ، 2024

IRCC-3759-02-2024 ISBN-978-0-660-70286-5 Cat. No. Ci44-25/2024Urd-PDF